**29/06/2025**

**09.25 AM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شمیم اقبال سے خبریں سُنئے**

**ایل جی**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ 3جولائی سے شروع ہونے والی شری امر ناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد میں ہر بار کی طرح اس بار بھی جموںنو کشمیر کے عوام اپنا بھر پور تعاون دیں گے۔**

**وہ کل سرینگر میں سیول سوسائٹی، مذہبی رہنماؤں، منتخبہ نمائندوں اور تجارتی طبقے کے ارکان کی ایک میٹنگ میں بول رہے تھے ، جس دوران انہوننے یاترا2025 کے سلسلے میں انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔**

**اپنے خیالات اظہار کر تے ہوئے منوج سنہا نے شری امرناتھ جی یاترا کو عوام کی یاترا قرار دیا۔**

**اس موقعے پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، شرائن بورڈ کے CEO مندیپ کمار بھنڈاری، وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی، صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری اورسیول و پولیس انتظامیہ کے سینئر آفیسران بھی موجود تھے۔**

**<u>CM</u>**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے SKICC سرینگر سے مشن یووا کا آغاز کیا جو جموںنو کشمیر میں اگلے5برس کے دوران ایک لاکھ37ہزار کار خانہ داری کی اکائیوں اور4لاکھ25ہزار روزگار کے مواقوں کے ساتھ کار خانہ داری کا ایک ماحول پیدا کرنے کےلئے ایک بصیرت افروز اقدام ہے۔**

**اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ ایک اصلاحی اقدام ہے جو کار خانہ داری کے ذریعے جموںنو کشمیر کے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے مقصد مرتب کیا گیا ہے۔**

**اس دوران مشن یووا کی نسبت سے جانکاری عام کرنے کے مقصد سے وزیر اعلیٰ نے SKICC سے سکولی بچوں کے ایک واکیتھن کو بھی روانہ کیا۔**

## محرم الحرام

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی تیسری تاریخ ہے۔ یہی وہ مہینہ ہے کہ اس میں نواسہ

---

رسول ﷺ حضرت امام حسین ؑ اور انکے جان نثار ساتھیوں نے کر بلا کے میدان کے کار زار ۂ میں باطل کے خلاف ڈٹ کر کھڑا رہ کے اسلام کی سر بلندی کےلئے اپنی جانیں، جان آفرین کے حوالے کی تھیں۔

شہدائے کر بلا کو خراج عقیدت ادا کرنے کی غرض سے آجکل عزاداری کے جلوسوں، مرثیہ اور نواحہ خوانی کی روح پرور مجالس کا انعقاد جا ری ہے۔

## من کی بات

وزیر اعظم نریندر مو دی آج اپنے ریڈیو پروگرام من کی بات میں ملک اور بیرون ملک میں رہنے والے بھارتی باشندوں کے ساتھ اپنے خیالات کااظہار کریں گے۔

یہ پروگرام آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر ہو گا۔ یہ پروگرام کی123 قسط ہوگی۔

## جتیندر سنگھ

مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ ملک میں1975سے 1977کے درمیان ایک مختصر لیکن تاریک وقت کے دوران ہر شہری متاثر ہو گیا۔

دلی اسمبلی میں سمویدھان ہتیا دِوس کی مناسبت سے منعقدہ ایک سمینار سے خطاب کر تے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ایمر جنسی کے دوران لوگوں کی بنیادی حقوق سلب کئے گئے اور پریس کا گلاگھونٹ دیا گیا۔

## درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

.......................................

......................